پریس ریلیز

جنرل ہسپتال میں ساڑھے 10ہزار مریضوں کا مفت علاج : ڈائلسز سینٹر فنکشنل رہا

عید کی خوشیاں قربان کر کے دکھی انسانیت کی خدمت کرنے والے اصل ہیرو ہیں : پروفیسر الفرید ظفر

مریضوں کی تکلیف کا بر وقت ازالہ کرنا ہی مسیحائی پیشہ ہے،خدمات کا مشن جاری رہے گا

پرنسپل پی جی ایم آئی کا انتظامی ڈاکٹرز کے ہمراہ مختلف شعبوں کا دورہ ،مریضوں کو عید کی مبارکباد دی،تحائف تقسیم

لاہور 5 مئی:......عیدالفطر کی تعطیلات کے دوران لاہور جنرل ہسپتال کے شعبہ ایمرجنسی میں ساڑھے 10 ہزار مریض آئے جنہیں حکومت پنجاب کی پالیسی کے تحت بلا معاوضہ طبی سہولیات بہم پہنچائی گئیں جبکہ ڈائلسز سینٹر بھی فنکشنل رہا اوران ایام میں 200 افراد کے مفت ڈائلسز کیے گئے اور ہسپتال میں آنے والے ہر شہری کو علاج معالجے کی بھرپور سہولتوں کی فراہمی کو یقینی بنایا گیا۔

پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ وامیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر نے عید کی چھٹیوں کے دوران جنرل ہسپتال کے مختلف شعبوں کا دورہ کیا اور عید کی خوشیوں میں مریضوں اور اُن کے تیمارداروں کو بھی شامل کیا۔شعبہ ایمرجنسی ،بچہ وارڈ اور ڈائلسز سینٹر میں زیر علاج مریضوں کی مزاج پرسی کی اور عید کی مبارکباد دیتے ہوئے اُن میں تحائف تقسیم کیے۔پروفیسر الفرید ظفر نے ڈیوٹی پر موجود ڈاکٹرز ،نرسز اور پیرامیڈیکس کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ عید کی خوشیاں دوسروں کے دکھ درد پر قربان کرنے والے ہی اصل ہیرو کہلوانے کے حقدار ہیں۔اس موقع پر ایم ایس ڈاکٹر خالد بن اسلم ،فوکل پرسن ایمرجنسی ڈاکٹر لیلیٰ شفیق، ڈاکٹر عبدالعزیز و دیگر بھی موجود تھے۔

پروفیسر الفرید ظفر نے مریضوں اور اُن کے لواحقین سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ طب سے وابستہ افراد خوشیوں کے تہوار پر بھی اپنے اہل خانہ کی بجائے دکھی انسانیت کی خدمت کو ترجیح دیتے ہیں جبکہ مریضوں کی تکلیف کا بروقت ازالہ کرنا ہی مسیحائی کا اصل شعبہ ہے اوران ڈاکٹرز ،نرسز اور پیرامیڈیکس کی پیشہ وارانہ خدمات کو پیسوں سے بھی نہیں ماپا جا سکتا۔اس موقع پر لواحقین نے بہترین اور مفت طبی سہولتوں کی فراہمی پر انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا اور انہیں ڈھیروں دعائیں دیں۔

پرنسپل پی جی ایم آئی کا کہنا تھا کہ عید اور ٹروپر مریضوں واُن کے لواحقین کو مخیر حضرات کے تعاون سے خصوصی کھانا مہیا کیا گیا تا کہ علاج معالجے کے لئے دوسرے شہروں سے آنے والوں کو گھر سے دوری کا احساس نہ ہو۔انہوں نے کہا کہ مذہبی تہواروں پر مریضوں کی بہتر خدمت کا مشن آئندہ بھی جاری رکھا جائے گا اور اس ضمن میں ایک میکانزم مرتب کیا گیا ہے تا کہ ہسپتال آنے والے مریضوں کو کسی مشکل کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

☆☆☆☆

پرنسپل جنرل ہسپتال پروفیسر الفرید ظفر زیر علاج مریضوں میں عید تحائف تقسیم کر رہے ہیں

پروفیسر الفرید ظفر جنرل ہسپتال میں عید کے موقع پر بچوں کو مٹھائی دے رہے ہیں